# Directorate of Administration
# University of Peshawar

**Telephone No. +92-91-9222208**
**+92-91-9222279**
**Ext: 3019, 3150**
**Email: administration@uop.edu.pk**


**No: ______________/DA/FMMC**

**Date: ______/_02_/2025**

## کرایہ داری برائے کینٹین/دکان

## سربمہر پیشکشوں کی طلبی

**جامعہ پشاور**

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع کینٹین/دکان عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 04.03.2025 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش مورخہ 05.03.2025 کو دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہوگا۔

شرائط وضوابط اور کینٹین کے بارے میں مزید تفصیل جامعہ پشاور کے ویب سائٹ www.uop.edu.pk یا ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس، نزد کافی شاپ بازار یونیورسٹی کیمپس پشاور سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن

جامعہ پشاور

# Directorate of Administration
# University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk

No: ______________/DA/FMMC

Date: _____/_02_/2025

## شرائط وضوابط برائے کینٹین/دکان کرایہ داری

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع مختلف کینٹین عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 04.03.2025 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | لوکیشن بمعہ قسم | رقبہ (sq.ft) | کم سے کم بولی |
|---|---|---|---|
| 1. | ایس ٹی سی کینٹین نمبر 1 | 3663.45 | 183172روپے |
| 2. | ایس ٹی سی کینٹین نمبر ۲ (برائے فاسٹ فوڈ) | 819.25 | 40962روپے |
| 3. | دکان نزد کرسچین کالونی | 460 | 29000روپے |

1. خواہشمند پارٹیاں ایک یا زائد یا تمام سائٹس کے لیے سربمہر پیشکش جمع کرا سکتی ہیں۔ تاہم ہر سائٹ کے لیے علیحدہ فارم بمعہ پروسسنگ فیس نا قابل واپسی اور زر ضمانت جمع کرانا ہوگی۔
2. اگر بولی دہندہ فنانشل پیشکش کی شرائط وضوابط پر پورا اترنے میں ناکام رہا تو بڈ سیکورٹی/زر ضمانت ضبط کرلی جائے گی۔
3. جمع کرائی گئیں پیشکش /بڈز مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے مشروط ہوں گی۔
4. ہر سائٹ کے لیے ہر لحاظ سے مکمل اور سربمہر الگ فارم (سائٹ کا نام لفافے کے اوپری بائیں کونے پر واضح تحریر کرکے) ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس نزد کافی شاپ بازار جامعہ پشاور کیمپس کو جمع کرانا ہوگی۔ بولی دہندگان کو مطلوبہ دستاویزات بمع قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے جمع کرانا ہوں گی۔
5. خواہشمند افراد/فرم مندرجہ ذیل کاغذات / دستاویزات سربمہر لفافے میں جمع کروائے گا۔ مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے والی پارٹی کی آفر مسترد کردی جائے گی۔
6. مطلوبہ میدان میں پانچ سالہ تجربہ کا سرٹیفیکیٹ فراہم کرنا ہوگا۔ تجربے کی تصدیقی سند جس ادارے میں خدمات فراہم کی ہوں اس ادارے کے مجاز افسر کی طرف سے جاری کردہ ہوگا۔ اگر عوامی جگہ پر خدمات فراہم کی ہوں تو مطلوبہ علاقے کے چیئرمین لوکل کونسل سے تصدیقی سند لینا ہوگا۔ تصدیقی سند میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ درخواست کنندہ نے مطلوبہ خدمات احسن طریقے سے سرانجام دی ہیں۔ مستند تعلیمی اداروں میں مطلوبہ خدمات فراہم کرنے والے تجربہ کار افراد کو پہلی ترجیح دی جائے گی۔
7. درخواست گزار اس بات کی بیان حلفی جمع کروائے گا کہ اس کو کسی بھی سرکاری ادارے کی طرف سے بلیک لسٹ نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی وہ جامعہ پشاور کے ساتھ کسی قسم کے تنازعے میں ملوث ہے۔ مزید یہ کہ اگر وہ جامعہ پشاور کیمپس میں کاروبار کر رہا ہے تو اس کے خلاف کسی قسم کے بقایا جات نہیں ہیں۔
8. درخواست گزار اپنے متعلقہ تھانے سے نیک چال چلن کی تصدیقی سند جمع کروائے گا۔

9. سر بمہر پیشکش کیلئے رجسٹریشن فارم ڈائریکٹریٹ آف ایڈ منسٹریشن سے مبلغ دو ہزار روپے بطور پروسسنگ فیس نیشنل بینک یونیورسٹی کیمپس برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 3-6290 میں ادائیگی پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ بینک رسید رجسٹریشن فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔

10. ہر لحاظ سے مکمل سر بمہر پیشکش بمعہ دو لاکھ روپے زر ضمانت( قابل واپسی ) بشکل پے آرڈر/بینک ڈرا فٹ بنام ٹریژرر جامعہ پشاور مورخہ 05.03.2025 کو دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہو گا۔ سر بمہر پیشکشیں/بڈز کھولنے کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا نامکمل فارم یا آخری تاریخ کے بعد جمع ہونے والی فارم/پیشکش قابل قبول نہ ہو گی۔

11. ناکام امیدوار کو زر ضمانت نیلام کے بعد واپس کردی جائے گی۔ زیادہ پیشکش سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زر ضمانت بحق جامعہ پشاور ضبط ہو گا اور دوسرے نمبر پر پیشکش کرنے والے کی بولی منظوری کے لئے بھیج دی جائے گی۔ دوسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کی زر ضمانت کامیاب امیدوار کے ساتھ معاہدہ ہونے تک واپس نہیں کی جائے گی۔

12. کامیاب بولی دہندہ 6 ماہ کا کرایہ بطور زر ضمانت جمع کروانے کا پابند ہو گا جس کے بعد مفصل معاہدہ ہو گا۔ ماہانہ کرایہ میں سالانہ 10 فیصد اضافہ ہو گا۔

اہم نوٹ:

کامیاب بولی دہندہ کینٹین میں فوڈ کمیٹی کے منظور شدہ ریٹ وصول کرنے کا پابند ہو گا۔ بولی دیتے وقت اس بات کا بھی خیال رکھنا ہو گا کہ جامعہ پشاور میں کینٹین و تندور کنٹریکٹر نے جامعہ پشاور کے منظور کردہ Subsidized Rates وصول کرنے کا پابند ہو گا۔

ڈائریکٹر ایڈ منسٹریشن

جامعہ پشاور

Directorate of Administration
University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk


No: ______________/DA/FMMC

Date: _____/_02_/2025

# رجسٹریشن فارم

1. نام: ____________________
2. ولدیت: ____________________
3. شناختی کارڈ نمبر: ____________________
4. پتہ برائے خط و کتابت: ____________________
5. فون نمبر: ____________________
6. درخواست برائے: ____________________
7. کال ڈپازٹ نمبر: ____________________
8. ماہانہ کرایہ کی پیشکش: ____________________

فارم کے ساتھ منسلک شرائط مجھے منظور ہیں۔

دستخط: ____________________